سخن دل نواز، مترجم: مولانا امیر الدین مہر۔ اہتمام= ورلڈ اسمبلی آف یوتھ، ریاض، سعودی عرب۔ صفحات: ۱۲۵۔ قیمت: درج نہیں۔

وامی (World Assembly of Youth) کے شعبہ تحقیق و تعلیم کی طرف سے مولفہ، عربی کتاب **"فی اصول الحوار"** کا موضوع "گفتگو کا فن" ہے۔ دوسروں تک اپنی دعوت پہنچانے کے لیے یہ ایک اہم وسیلہ ہے اور اگر گفتگو کے آداب کا پوری طرح خیال رکھا جائے تو اس سے خاطر خواہ اور بہت عمدہ ثمرات و نتائج حاصل کیے جاسکتے ہیں۔ قرآن حکیم، حدیث نبویؐ اور دینی اکابر کی تالیفات میں بکھرے ہوئے آداب گفتگو کو نہایت عمدگی اور سلیقے سے زیر نظر کتاب میں مرتب کر دیا گیا ہے۔ کتاب کے مختلف عنوانات اس کے موضوعات و مباحث کو بخوبی واضح کرتے ہیں، مثلاً گفتگو اور بے جا بحث میں فرق، قرآن اور گفتگو، رسولؐ اور گفتگو، نیت کا خالص ہونا، مناسب موقع کی تلاش، گفتگو میں خود کو ترجیح نہ دینا، غور سے سننا، بحث ختم کر دینا، متکلم کی ضمیر استعمال نہ کرنا وغیرہ۔

مولانا امیر الدین مہر (اسسٹنٹ پروفیسر، دعوہ اکیڈمی بین الاقوامی اسلامی یونی ورسٹی، اسلام آباد) نے اس مفید، کارآمد اور اپنے موضوع پر جامع کتاب کو نہایت سہل زبان میں اردو میں منتقل کیا ہے۔ اس کی افادیت کا اندازہ کرنے کے لیے ایک اقتباس دیکھیے:

"داعی کو خصوصاً اور ہر گفتگو کرنے والے کو چاہیے کہ وہ اپنی بات ہی نہ کہتا رہے کہ دوسرے کو بات کرنے کا موقع ہی نہ دے۔ دوران کلام وقت کا لحاظ رکھے۔ نیز جب وہ کسی کانفرنس میں ہو اور اسے چند منٹ دیے جائیں تو اس کی پابندی کرے اور اگر ایسی محفل ہو کہ جس میں تحدید وقت کا مسئلہ نہ ہو تو داعی اپنے موقف کے مطابق وقت کا تعین خود کرے"۔ مختصر یہ کہ کتاب دلچسپ ہے اور اس کی افادیت میں کلام نہیں۔ (د-ہ)

The Islamic Nation (امت مسلمہ)، علی نواز میمن۔ ناشر: دین گارڈ بکس، ۴۵ دی مال، لاہور۔ صفحات: ۲۶۱۔ قیمت: درج نہیں۔

امریکی صدر جارج بش کے پیش کردہ نئے عالمی نظام (New World Order) کے نظریے نے دنیا بھر میں کھلبلی مچادی ہے۔ اس موضوع پر متعدد مطبوعات سامنے آئی ہیں۔ علی نواز میمن نے اپنی زیر نظر کتاب میں ایک نئے انداز سے نیو ورلڈ آرڈر اور امت مسلمہ کے تعلق کار کو سمجھنے کی کوشش کی ہے۔ کتاب کا ضمنی عنوان ہے: نئے عالمی نظام میں مسلمانوں کی حیثیت اور ان کا مستقبل۔

مصنف نے جو ربع صدی تک عالمی بنک کے لیے خدمات سرانجام دیتے رہے ہیں، اپنے جملہ تجربات